## Medicaid، Child Health Plus ، یا Essential Plan میں NY State of Health کے ذریعے اندراج کروانے والے نیو یارک کے رہائشیوں کے لیے تجدیدات کی واپسی سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات

*10 فروری، 2023*

1. **مجھے چند سالوں سے اپنے اور/یا اپنی فیملی کے ارکان کے لئے Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کی تجدید کروانے کی ضرورت نہیں پڑی۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھے اب ہر سال اپنی انشورنس کی تجدید کروانے کی ضرورت نہیں؟**

**نہیں، آپ کو اپنی انشورنس کی دوبارہ تجدید کرنے کی ضرورت ہو گی۔** وفاقی قانون کے تقاضوں اور دیگر لچک پذیریوں کی وجہ سے، NY State of Health نےMedicaid،Child Health Plus ، یا Essential Plan میں آپ کے اندراج کو ہر سال اپنی انشورنس کی تجدید کا تقاضا کیے بغیر برقرار رکھا ہوا ہے۔ تاہم، وفاقی قانون تبدیل ہو گیا ہے اور باقاعدہ تجدیدی کارروائیاں ایک سال کے عرصے کے دوران، 2023 کے موسمِ بہار میں دوبارہ شروع ہوں گی۔ ہر سال جب آپ کی جانب سے تجدید کروانے کا وقت ہو گا تو NY State of Health آپ کو ای میل، ٹیکسٹ، اور/یا ڈاک کے ذریعے مطلع کرے گا۔

2. **مجھے اپنے اور/یا اپنے اہلِ خانہ کے لیے Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کی انشورنس کے تجدیدی عمل کا آغاز کب کرنا ہو گا؟**

یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کی حالیہ انشورنس کب ختم ہو رہی ہے۔ جیسا کہ وفاقی قانون کی تبدیلی سے قبل ہوتا تھا، بالکل اسی طرح تجدیدی کارروائیاں ایک سال کے عرصے کے دوران وقوع پذیر ہوں گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سب افراد کی انشورنس کی تجدید ایک ہی وقت میں نہیں ہو گی۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کی انشورنس اکتوبر میں ختم ہو رہی ہے، تو آپ کو ستمبر کے آغاز میں اپنا نوٹس موصول ہو گا اور آپ کو اکتوبر کے اختتام تک کارروائی کرنے کی ضرورت ہو گی۔ جب آپ کی جانب سے اپنی اور/یا اپنے اہلِ خانہ کی انشورنس کی تجدید کرنے کا وقت ہو گا تو NY State of Health آپ کو ای میل، ٹیکسٹ اور/یا ڈاک کے ذریعے مطلع کرے گا۔ یہ امر نہایت ضروری ہے کہ آپ NY State of Health کی ای میل، ٹیکسٹ یا ڈاک کے ذریعے بھیجی گئی تمام مواصلتوں کی جانب خصوصی توجہ دیں تاکہ آپ کی تجدید کا عمل بلارکاوٹ انجام پائے اور آپ کی انشورنس ضائع نہ ہو۔

بقیہ وقت کے دوران آپ کو یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے NY State of Health اکاؤنٹ میں آپ کا پتہ، فون نمبر اور رابطے کی دیگر معلومات حالیہ ہو تاکہ آپ اہم نوٹس وصول کر سکیں۔ اپنی معلومات چیک یا تبدیل کرنے کے لئے اپنے NY State of Health اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، 1-855-355-5777 پر کال کریں یا کسی اندراج کے معاون سے رابطہ کریں۔

3. **جب میرے اور/یا میری فیملی کے ارکان کے لئے Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کی تجدید کروانے کا وقت ہو گا تو مجھے کیسے معلوم ہو گا؟**

جب آپ کی اپنی اور/یا فیملی کے ارکان کی انشورنس کی تجدید کرنے کا وقت ہو گا تو NY State of Health آپ کو ای میل، ٹیکسٹ اور/یا ڈاک کے ذریعے مطلع کرے گا۔ یہ تصدیق کرنا یقینی بنائیں کہ آپ کے NY State of Health اکاؤنٹ میں آپ کی تازہ ترین رابطے کی معلومات موجود ہوں تاکہ آپ کو تجدید کے نوٹس موصول ہو سکیں۔

آپ NY State of Health کی جانب سے ٹیکسٹ اطلاعات موصول کرنے کے لئے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں ان اطلاعات سے آپ کو انشورنس کی تجدید کرنے کا وقت اور دیگر اہم معلومات ملیں گی۔ سبسکرائب کرنے کے لیے START لکھ کر 1-866-988-0327 پر ٹیکسٹ کریں۔

**4. میں اس تبدیلی کی تیاری کرنے کے لئے کیا کروں**


یقینی بنائیں کہ آپ کے NY State of Health اکاؤنٹ میں آپ کا پتہ، فون نمبر اور رابطے کی دیگر معلومات تازہ ترین ہوں۔ اپنی معلومات چیک یا تبدیل کرنے کے لئے اپنے NY State of Health اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، 1-855-355-5777 پر کال کریں یا کسی اندراج کے معاون سے رابطہ کریں۔

آپ NY State of Health کی جانب سے ٹیکسٹ اطلاعات موصول کرنے کے لئے بھی سائن اپ کر سکتے ہیں تاکہ آپ انشورنس کی تجدید کے وقت سمیت صحت کی انشورنس کی اہم خبروں سے محروم نہ رہیں۔ سبسکرائب کرنے کے لیے START لکھ کر 1-866-988-0327 پر ٹیکسٹ کریں۔ https://info.nystateofhealth.ny.gov/COVID-19-Changes پر مزید جانیں۔

**5. سوال: میں اپنے اندراج کی آخری تاریخ سے متعلق معلومات کہاں سے حاصل کروں؟**

آپ کو اپنے اندراج کی آخری تاریخ سے قبل اپنا تجدیدی نوٹس موصول ہو گا۔ اگر آپ اپنے تجدیدی نوٹس پر موجود ہدایات پر عمل نہیں کرتے تو آپ کی انشورنس آپ کے اندراج کی آخری تاریخ کے ساتھ ہی ختم ہو جائے گی۔ آپ اپنے اندراج کی آخری تاریخ درج ذیل طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں:

- nystateofhealth.ny.gov پر اپنے NY State of Health کے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، پھر اسکرین کی بالائی جانب موجود 'پلانز' کے ٹیب پر کلک کریں۔
- 1-855-355-5777 پر کسٹمر سروس سینٹر کو کال کریں۔
- اپنے اندراج کے معاون کار سے رابطہ کریں۔ اگر آپ پہلے سے کسی اندراج کے معاون کار کے ساتھ مصروفِ عمل نہیں ہیں، تو https://info.nystateofhealth.ny.gov/findassistor پر کوئی تلاش کریں۔



**.6 اگر میں NY State of Health کے تجدید کے نوٹس میں دی گئی آخری تاریخ تک اپنے یا اپنی فیملی کے ارکان کے لئے Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کی تجدید نہ کرواؤں تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ دی گئی آخری تاریخ تک اپنے اور/یا اپنی فیملی کے لئے انشورنس کی تجدید نہیں کروائیں گے تو آپ کی ہیلتھ انشورنس ختم ہونے کا خطرہ ہو گا۔ یہ نہایت اہم ہے کہ آپ NY State of Health کی بھیجی گئی مواصلت پر توجہ دیں اور دی گئی آخری تاریخ تک اپنی انشورنس کی تجدید کروائیں۔ اگر آپ کے خیال میں آپ سے آخری تاریخ چھوٹ گئی ہے تو انشورنس میں دوبارہ اندراج کروانے میں مدد کے لئے جلد از جلد 1-855-355-5777 پر کال کریں یا اندراج کے معاون سے رابطہ کریں۔

**.7 اگر NY State of Health نے میری تجدید پر عمل کرنے کے بعد تعین کیا کہ میں اور/یا میری فیملی کے ارکان Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کے مزید اہل نہیں اور میری انشورنس ختم ہو گئی تو کیا ہو گا؟**

اگر آپ یا آپ کے کوئی فردِ خانہ Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan کے لیے مزید اہل قرار نہیں پاتے تو آپ NY State of Health کے ذریعے QHP (Qualified Health Plan) میں اندراج کروانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ NY State of Health میں اندراج کا عمل جاری رہے گا لہٰذا جو کوئی بھی Medicaid،Child Health Plus یا Essential Plan کی کوریج کے از سر نو تعین کے عمل کے دوران اسے کھو دیتا ہے، تو وہ اہل ہونے کی صورت میں، QHP میں اندراج کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔ NY State of Health جامع مراعات والے QHPs کا ایک وسیع انتخاب پیش کرتا ہے۔ پہلے سے کئی زیادہ افراد اپنے پریمیمز کی ادائیگی کے لیے مالی اعانت کے اہل قرار پا رہے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے nystateofhealth.ny.gov ملاحظہ کریں یا 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر کال کریں اور معلوم کریں کہ آیا آپ مالی اعانت کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔